لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۱۹	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۴ محرم الحرام ۱۳۴۶ھ مطابق ۴ جولائی ۱۹۲۷ء	نمبر ۲۸

احکام اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

تقرر

۸ جون ۱۹۲۷ء

قبلہ پلورش صاحب ... سکریٹری بہادر دربارہ تعریف کارکردگی محمد حسن خاں برعہدہ نائب تحصیلداری حضور تحصیل کا کام کر رہا ہے۔

حکم

محمد حسن خاں ولد میر عبد الحکیم خان ... کا تقرر بجائے منشی محمد زمان خان نائب تحصیلداری پر بشاہرہ پچاس روپیہ ماہوار منظور ہے۔ کا عدالت ...

اجراے احکام صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو۔
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۹ر جون ۱۹۲۶ء

مثل عرضداشت صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت مزید یکماہ لیڈی ڈاکٹر صاحبہ بوضع تنخواہ اور ملتے رہنے کرایہ الاونس۔

حکم

لیڈی ڈاکٹر کو مزید رخصت یکماہ بوضع تنخواہ منظور ہے لیکن الاونس سواری جو مقرر ہے دیا جائیگا۔ بعد ختم رخصت لیڈی ڈاکٹر ڈیرہ دون مین کچھ دنون خدمت پر حاضر ہوکر ڈیوٹی انجام دین۔ ازان بعد وہ رامپور مین آجائین اور یہان سے اسسٹنٹ لیڈی ڈاکٹر ڈیرہ دون جائین اور ڈیوٹی انجام دین کاغذ بغرض اجراے احکام صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو۔
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

صفائی گولہاے آبپاشی

۱۰ر جون ۱۹۲۶ء

آبپاشی کی گولون کے اندر جو درخت خشک ہوکر گر گئے ہین۔ یا خودرو درخت پیدا ہوکر مانع آبپاشی ہوگئے ہین انکی صفائی کی سخت ضرورت ہے۔ لہذا ایسے درختان کے نیلام اور صفائی کی اجازت دیجاتی ہے۔ لیکن بڑی احتیاط کے ساتھ نیلام وقطع درختان کی کارروائی کیجائے۔ کاغذات نواب ولیعہد بہادر کے اجلاس مین مرسل ہون۔
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

مثل شدہ صدر سے ایک نقل عرضداشت ونقل حکم اجلاس ہمایون ونقل حکم ہذا بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔ بعد اجراے نقل اصل کاغذات صاحب سکریٹری بہادر انہار کے پاس مرسل ہوکر لکھا جاے کہ صیغہ نہر مین وہ درختان جو گولون کے اندر واقع ہین اور بابت آبپاشی ہین۔ خواہ افتادہ ہون یا بصورت جھاڑی ایستادہ ہون اول انکی فہرستین شاخوار مفصل بہ گول کے ساتھ مع تعداد درختان (اگر ممکن ہو) ومع تخمینی قیمت کے مرتب کراکے ارسال اجلاس ہذا کیجائین۔ کل فہرستین مرتب ہونے کے بعد انکے نیلام وقطع کے لئے مناسب تجویز کیجائیگی۔ ۱۹ر جون ۱۹۲۶ء
دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

نوٹ۔ صاحب سکریٹری بہادر انہار اسکے ذمہ دار ہین کہ فضول کوئی درخت ضائع نہو۔
دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — میر حامد

جناب عالی

صیغہ انہار مین اکثر پرانی گولون مین بکثرت درخت پیدا ہوگئے ہین جنکی وجہ سے وہ گولین پٹ گئین کہ سطح آبپاشی کے قابل نہین رہین بعض جگہ جھاڑی وجنگل کی صورت اختیار کرلی ہے۔ یہانتک کہ ملازمان انہار نگرانی گول کے لئے ان موقعون سے گزر بھی نہین کرسکتے۔ بعض جگہ جہان آبادی قریب ہے آبادی کے لوگ درخت کاٹ لیتے ہین کسی کسی جگہ درخت خشک ہوکر گر گئے ہین۔ غرض یہ کہ پرانی گولون سے ذرائع آبپاشی بند ہین۔ ضرورت کے لئے جو گولین صیغہ نہر سے کھدوائی جاتی ہین اور آبپاشی کیجاتی ہے جسمین روپیہ زیادہ صرف ہوتا ہے۔ اگر پرانی گولین صاف کرائی جائین تو روپیہ کم اٹھے اور خودرو درختان کے نیلام سے ایک معقول ومعتد بہ آمدنی صیغہ انہار مین ہوجاے۔ صیغہ نہر کو اس کارروائی کے متعلق صرف یہ عذر ہے کہ قطع درختان کا معاملہ نازک ہے۔ عرضداشت ہذا باظہار حال بغرض اطلاع اجلاس ہمایون ہے۔ بدانست ترقیخواہ درختان موقوعہ گولہاے بابت آبپاشی کے نیلام کی اجازت صادر فرمائی جاے ورنہ بحالت موجودہ صیغہ نہر اپنے فرائض آبپاشی کو پورا نہین کرسکیگا۔ اور درختان کے ضائع ہونیکا سلسلہ حسب صراحت بالا بدستور باقی رہیگا۔ آیندہ جو حکم ہو۔ سرکار دولتمدار کے حضور مین زبانی عرض پر منظوری ہوگئی ہے ضابطہ کی منظوری فرمائی جاے۔ آفتاب دولت واقبال درخشان باد۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر [illegible]

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقع ۱۵ر جون ۱۹۲۶ء

۱۔ چوراہون کی بابت ڈیوٹی مین عام طور پر سپاہی چوراہے کے درمیان کھڑا ہوگا اور ہر طرف خیال رکھیگا۔ اس شخص پر بڑی ضرورت صرف اسوقت ہوگی جب کوئی افسر قریب سے گذرے۔ وہ مستعد ایڑی پر رہیگا۔ اگر چوراہے پر ایک ہی گاڑی یا موٹر وغیرہ آرہی ہو تو اسکو صرف گذر جانیکا اشارہ

دیا جائیگا۔ بازو کو سیدھا کرنیکا اشارہ صرف اُس وقت دیا جاتا ہے جب سامنے یا عقب سے کسی آنیوالی گاڑی کو روکنا مقصود ہو۔

۲۔ جس گاڑی کو گذارا جائے وہ اُس طرف سے یا راہگیر کی طرف سے گذرے سپاہی کو ایسے پوزیشن پر ہو جانیکی ضرورت ہے کہ گاڑی بازو کی طرف سے نہ گذرے۔ رات کے وقت سب سے نزدیک کی روشنی کے کھمبے کے نیچے کانسٹبل کھڑا ہوگا تاکہ آنے جانے والونکو دکھائی دے۔

۳۔ کسی قسم کی گاڑی اگر کسی رہائشی مکان یا کارخانے کے مقابل سڑک پر یا بازار میں سواری یا سامان اُتارنے یا چڑھانے کی غرض سے روکی جائے تو پولیس کو اُس سے تعرض نکرنا چاہئے بشرطیکہ سڑک پر کم از کم ایک گاڑی کے گذرنے کے لئے راستہ ہو سکرایہ کی خالی گاڑیاں جو سواریوں کی تلاش میں ہوں۔ اس طرح پر کھڑی رکھی جانیکی ممانعت ہے۔

۴۔ غروب آفتاب کے بعد اور گیارہ بجے رات سے پہلے اگر کوئی گاڑی۔ بائیسکل وغیرہ کا ڈرائیور بائیسکل یا گھوڑے وغیرہ کو ہاتھ سے چلاتا ہوا پیدل شاہراہ پر سے گذرے تو اُس سے بلا روشنی ہونیکا مواخذہ نہیں کیا جائیگا اسکے یہ معنی نہ ہونگے کہ کانسٹبل کے قریب آکر گاڑی یا بائیسکل پر سے اُتر لیا جائے۔ ایسا کرنیوالا حسب معمول سزا کا مستوجب ہوگا۔

۵۔ بعض اوقات گاڑی یا خصوصًا بائیسکل چلانے والے رات کے وقت کانسٹبل کے پاس سے تیزی کے ساتھ گذر جاتے ہیں تاکہ وہ روشنی نہ ہونیکی گرفت نکر سکے۔ اس جرم کی انسداد کے لئے خفیہ طور پر خاص انتظام کیا جا رہا ہے۔ اور جو شخص ارتکاب کرتا ہوا پکڑا جائیگا وہ معمولی سے چوگنا جرمانہ کے علاوہ دفعہ ۱۸۸ تعزیرات ہند کی کارروائی کا مستوجب ہوگا

لہذا حکم ہوا کہ

صدر سے احکام جاری ہوں۔ ایک نقل روبکار ہذا کی صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کے پاس اور ایک نقل صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس بھیجی جاوے اور ایک نقل برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔ اصل روبکار صدر میں رہے۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقعہ ۱۵ رجون ۱۹۲۶ء

جو کاغذات طلب کیفیت یا رپورٹ صیغہ جات ماتحت کو بھیجے جاتے ہیں وہ بہت دیر سے آتے ہیں۔ انکا ایک ہفتہ کے اندر اجلاس میں واپس آجانا ضروری ہے۔ اگر آئندہ ایسا دیکھا گیا کہ کاغذات بیرون میعاد مقررہ کسی صیغہ ماتحت سے واپس آئے تو حکم مناسب دیا جائیگا۔

لہذا حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے ایک ایک نقل روبکار ہذا کی صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات صاحب سکریٹری بہادر انہار۔ صاحب ملٹری سکریٹری بہادر۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس مرسل ہو۔ اصل روبکار صدر میں رہے۔ ایک نقل برائے گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

حکم اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقعہ ۱۲ رجون ۱۹۲۶ء

مراتب مندرجہ رپورٹ کی منظوری دیجاتی ہے۔ سررشتہ صدر سے ایک نقل رپورٹ ہذا کی مع نقل حکم اندراج گزٹ کے لئے مطبع بھیجی جائے۔ اور اصل کاغذ صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

بحضور مرشد زادہ آفاق نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

غریب پرور سلامت

جناب عالی

حدود میونسپلٹی کے اندر آوارہ کتے کثرت سے پھرتے ہیں اور وہ دیوانے ہو کر مخلوق کو کاٹتے ہیں۔ جسقدر کتے پلے ہوئے شہر میں ہیں۔ بعض بعض کے گلے میں پٹا نہیں ہوتا ہے۔ آوارہ کتوں کے ساتھ وہ بھی مارے جاتے ہیں شہر میں کتوں کی کثرت ہے۔ اضلاع گورنمنٹ کے میونسپلٹیوں میں پلے ہوئے کتوں کا لائسنس میونسپلٹی سے دیا جاتا ہے اور ایک نمبر برنج کا کتہ کے گلے میں ڈالنے کے لئے میونسپلٹی سے دیا جاتا ہے فی الحال نمبر برنج تیار شدہ کارخانہ فیکٹری سال گذشتہ کے دفتر میونسپلٹی میں موجود ہیں جنکا دیا جانا مناسب ہے فی نمبر آٹھ آنہ کا بل کارخانہ سے موصول ہوا ہے۔ مثل دیگر اضلاع گورنمنٹ لائسنس سالانہ کتے پالنے کے لئے میونسپلٹی سے جاری ہونا ضروری ہے جسکی فیس تر تنخواہ کی رائے سے ایک روپیہ سالانہ ہونا چاہئے۔ اور یہ فیس سالانہ وہ ماقبل اشتہار ہی میں مالکان سے وصول ہونیکا حکم نافذ فرمایا جائے بعد اجرائے لائسنس و نمبر برنج جسقدر آوارہ کتے باقی رہینگے وہ ہلاک کرا دیے جاینگے۔ لائسنس سالانہ

رقم آمدنی میونسپلٹی میں سیاہہ ہوگی۔ جسقدر نمبر برنج تیار شدہ فیکٹری دفتر میونسپلٹی میں رکھے ہوے ہیں۔ اُنکی قیمت وصول ہوکر کارخانہ فیکٹری بھیجدیجائیگی۔ اور آیندہ نمبر برنج ذریعہ میونسپلٹی تیار کرائے جائینگے۔

آوارہ اور دلوائے کتوں کے کاٹنے پر سفر کسولی کے لئے مبلغ تیس روپیہ بجٹ میونسپلٹی سے دیے جانیکا قاعدہ ہو۔ اس تجویز کی منظوری پر یہ فائدے نہیں ہونگے بلکہ ایک قسم کی آمدنی میونسپلٹی ہوکر عوام مخلوق خدا اس بلائے ناگہانی سے نجات پا جائیگی۔ اور ہر مالک اپنے اپنے کتوں کی حفاظت کا ذمہ دار رہیگا۔ عرضداشت ہذا بابت منظوری ارسال حضور ہے

والا ادب

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم
واقع ۱۶ ر جون سنہ ۱۹۲۶ء

فہرست مشمولہ کے مطابق تقرر ممبران میونسپل بورڈ منظور کیا جاتا ہے۔ ہر ماہ کے اول اور سوم جمعہ کو ٹاؤن ہال میں میٹنگ منعقد ہوا کرے جسمیں جملہ ممبران رعایائے شہر کی بہتری کے لئے اپنے اپنے حلقہ کے متعلق ضروریات کی طرف توجہ دلاکر اصلاح کی تجاویز پیش کیا کریں۔ مفصل جزئیات و فرائض میونسپل بورڈ میونسپل مینوئل میں دیکھے جا سکتے ہیں۔ جو صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کے پاس بھیجدیا گیا ہے۔ اور آنریری مجسٹریٹ کے دفتر میں موجود رہیگا۔ عبدالرحمن خانصاحب سابق جیلر کا تقرر بعہدہ آنریری مجسٹریٹ منظور کیا جاتا ہے وہ حسب منشاء روبکار اجلاس ہمایوں رقمزدہ ۲۲ رمئی سنہ ۱۹۲۶ء کام شروع کردیں اور باضابطہ دیگر کچہریات کے اوقات پر اپنے فرائض کو انجام دیں۔ صاحب ملٹری سکریٹری بہادر اُنکے عملہ اور جائے نشست کا انتظام کریں۔ پیشکار اجلاس ہذا بعد میں تجویز ہوگا۔

لہذا حکم ہوا کہ

صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل روبکار ہذا کی مع فہرست ممبران صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کے پاس بغرض تعمیل ارسال ہو۔ اور ایک نقل مع فہرست ممبران درج گزٹ کے لئے مطبع کو بھیجی جائے۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

فہرست انتخاب ممبران صاحبان جدید میونسپلٹی ریاست رامپور

نمبر شمار	نام ممبر صاحب	حوالہ چوکی	کیفیت
۱	صاحبزادہ سید [illegible] صاحب خلف صاحبزادہ سید محمد جان صاحب	چوک	
۲	لالہ اندر پرشاد چودھری صاحب	جیانی	
۳	عبدالرحمن خانصاحب جیلر سابق	چوکی کنڈہ	
۴	فیاض علی خانصاحب	چوکی باکر	
۵	مولوی مجتبیٰ خانصاحب	چوکی زرز	
۶	عبدالرزاق خانصاحب وکیل سابق	چوکی بیلا تالہ	
۷	اصغر علیخانصاحب عرف دولہ خان	چوکی زرز	
۸	مولوی محمد تقی صاحب پروفیسر	چوکی بزریہ	
۹			صاحب ملٹری سکریٹری بہادر اس جگہ پر ممبر بطور خود تجویز کر دیں۔
۱۰	مولوی سید محمد ضیاء الدین صاحب وکیل	جیانی	
۱۱	ممتاز علیخان مالگزار	چوکی زرز	
۱۲	محمد یحییٰ خانصاحب خلف کپتان محمد شاہ خانصاحب	چوکی بیلا تالہ	
۱۳	صاحبزادہ سید قاسم علیخانصاحب عرف بچہ خان صاحب بہادر خلف صاحبزادہ سید [illegible] صاحب	چوکی گنج	
۱۴	سلامت اللہ خانصاحب زمیندار	چوکی گوجر ٹولہ	
۱۵	ساہو مشن لال صاحب ولد ساہو رام پرشاد صاحب	گنج قدیم	
۱۶	ماسٹر ہرنام سنگھ صاحب	جیانی	
۱۷	حکیم محمود رضا خانصاحب	چوک	
۱۸	حافظ فصیح اللہ خان	〃	
۱۹	اسمٰعیل خانصاحب صبر	کنڈہ	
۲۰	مبارک علیخان ولد دھنو خانصاحب	چوکی باکر	
۲۱	ایوب شاہ خان	〃	
۲۲	منشی خلیل احمد وکیل	چوک	
۲۳	آفتاب الدین خانصاحب خلف شہاب الدین خانصاحب	〃	
۲۴	ساہو بنارسی داس صاحب	جیانی	
۲۵	قسیم خان	گنج قدیم	

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

نمبر	نام ممبر صاحب	مراد جوکی	کیفیت
۱	مولوی فرخی صاحب ... دام اقبالہم	چوکی جوکی ... افضل ... خان	وائس چیرمین
۲	مولوی ضیاء اللہ خانصاحب ممبر بورڈ آف آکشٹ	گنج	
۳	منشی گوپی ناتھ صاحب منیجر انہار	کنڈہ	
۴	صاحبزادہ سید ولی مظفر خانصاحب بہادر	چوکی رزش	
۵	صاحب چیف میڈیکل افسر صاحب بہادر	کوتوالی	
۶	منشی شیام بہادر صاحب پرانصد	چجانی	
۷	مولوی محمد یعقوب صاحب وکیل سرکار	گوجر ٹولہ	
۸	منشی امتیاز علی خانصاحب ممبر بورڈ آف ڈشب	چجانی	
۹	مولوی منشی محمد ارشاد اللہ خانصاحب ایڈیشن جج	چوک	وائس چیرمین
۱۰	منشی صدیق علی خانصاحب اسسٹنٹ انجینیر برقی	چجانی	

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۱۷ جون ۱۹۲۵ء

جسوقت سے کہ صیغہ جات سرکاری کا ہمسے تعلق ہوا ہے۔ ہمکو انکی ضروری اصلاح کی طرف کامل توجہ ہے۔ وقتاً فوقتاً امورات اصلاح طلب کی اصلاح کے لئے ہدایتی روبکار جاری کئے۔ اور انکے موافق صیغہ جات ماتحت مین عملدرآمد ہوا اور انکے جوابات بھی موصول ہو گئے۔ صرف ایک صیغہ انہار جسمین بہت امور قابل اصلاح پائے گئے۔ اور انکی بابت روبکار جاری کئے گئے لیکن ابتک انکا عملی حیثیت سے صیغہ مذکور مین کچھ اثر نہین پایا جاتا۔ نہ اُن احکام کے جوابات موصول ہوسے جو وجہ تعویق معلوم ہوتی۔ منجملہ دیگر احکامات ہدایتی کے جو مختلف اوقات مین صیغہ انہار کو بھیجی گئی ہین۔ ایک معاملہ انجینیر انہار کے موٹر کا بھی ہے کہ انکی بابت لکھا گیا تھا کہ موٹر درست کرا کے انجینیر انہار کو دورہ کے لئے دیدیا جائے۔ اسوقت تک نہ معلوم ہوا کہ اُس موٹر کی درستی ہوئی یا نہین اور وہ انجینیر انہار کو ابتک کیون نہین دی گئی۔ ہمارے احکام کی تعمیل میں صیغہ جات ماتحت سے اگر اسیطرح سکوت رہے تو کسطرح کام چل سکتا ہے۔

لہذا حکم ہوا

کہ تعمیل روبکار ہذا صاحب سکریٹری بہادر انہار کو لکھا جائے کہ جلد سے جلد اُن جملہ احکام کے (جو سابق مین جاری ہو چکے ہین) جوابات بھیجے جائین اور وجہ تعویق بھی لکھی جائے۔ موٹر کے متعلق مفصل حال لکھا جائے اور بہت جلد اسکا تخمینہ درستی بھیجا جائے۔ اور درست کرا کے انجینیر انہار کو دورہ کے لئے دیدیا جائے۔ اس معاملہ مین واپسی کا فذ امت کی ضرورت نہین رہی۔ موافق حکم ... چاہئے۔ ہمارے ماتحت صیغہ جات ہماری پالیسی کے موافق عمل کرنا چاہئیے۔ سررشتہ صدر سے ایک نقل اندراج گزٹ کے لئے بھیجی جائے۔ اصل روبکار صاحب سکریٹری بہادر انہار کے پاس مرسل ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۱۷ جون ۱۹۲۵ء

بادِ لشنداس الکٹرک انجینیر کی رخصت منظور ہو چکی ہے۔ زمانہ رخصت میں صدیق علی خان بجلی گھر کے انچارج رہین گے۔ اور انکی جگہ پنڈت ... اسسٹنٹ انجینیر کا کام کریگا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔ ایک نقل بغرض تعمیل صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات کے پاس مرسل ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۱۷ جون ۱۹۲۵ء

پسران صاحبزادہ نواب دولہا صاحب مرحوم کے لئے دو خدمتگارون کی ضرورت ہے یہ خدمتگار کارکردہ ہونا چاہئین۔ حسب صراحت ذیل خدمتگارون کا انتظام منظور کیا جاتا ہے۔

۱۔ شفیع احمد خان چپراسی اجلاس و عثمان خان ملازم صفائی پرنس پلیس حسب دس روپیہ ماہانہ اپنی موجودہ تنخواہ پر بکار خدمتگاری تبدیل ہون۔ تنخواہ بدستور صیغہ پرنسز سے پائین گے۔

۲۔ بجائے شفیع احمد خان چپراسی چیتن خان ملازم پرنسز کوٹھی موجودہ تنخواہ للعہ ماہانہ پر تبدیل ہو۔ تنخواہ بدستور صیغہ پرنسز سے ملیگی۔

۳۔ عثمان خان اور چیتن خان ملازمان صفائی کی جگہ جدید دو آدمی صاحب سپرنٹنڈنٹ آفس تلاش کر کے پیش کرین۔ عثمان خان اور چیتن خان کی وردی کا تخمینہ بھی جلد پیش کیا جائے۔ پرنسز بجٹ سے مصارف ہونگے۔

حکم ہوا کہ

صدر سے احکام جاری ہوں۔ ایک نقل بلیغ بھیجی جائے۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۱۷ جون سنہ ۱۹۲۶ء

یہ امر دریافت طلب ہے کہ صیغہ جات ماتحت اجلاس ہذا میں رخصت اہلکاران و ملازمین کی بابت کیا دستور العمل ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے ایک ایک نقل صاحب سکرٹری بہادر انہار۔ صاحب سکرٹری بہادر تعمیرات۔ صاحب ملٹری سکرٹری بہادر۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۱۷ جون سنہ ۱۹۲۶ء

دستی ٹھیلہ جات کے پکی سڑک پر چلانے کی اجازت دیجاتی ہے۔ کیونکہ وہ کچے راستہ پر نہیں چلائے جا سکتے۔ لیکن ہمیشہ سڑک کے بائیں کنارے پر چلینگے۔ تاکہ متقابلتہً تیز رفتار آنے جانے والی ٹریفک کے مزاحم نہ ہوں اگر کوئی ٹھیلہ سڑک کے درمیان یا اپنے داہنے ہاتھ کو جاتا ہوا پکڑا جائیگا تو اسکو وہی سزا دیجائیگی جو بیل گاڑیوں کو سڑک پختہ پر چلنے کے لئے مقرر ہے۔

لہذا حکم ہوا کہ

صدر سے ایک ایک نقل روبکار ہذا کی بغرض اطلاع و عملدرآمد صاحب ملٹری سکرٹری بہادر اور صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس بھیجدیجائے اور ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

احکام اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

معطلی

۱۸ جون سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس دربارہ اطلاع ناکامیابی مقدمہ دفعہ ۳۰۱ تعزیرات ہند۔ اسمٰعیل خان مدعی بنام ولایت حسین ملزم مالیت ۵ روپیہ متعلقہ کوتوالی

حکم

پولیس متعلقہ معطل کیا جائے۔ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

جرمانہ

۱۸ جون سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ صاحب ملٹری سکرٹری بہادر بابت تحقیقات مذبوحی گاؤ دان لاغر بسبب غفلت ڈاکٹر نگران مذبح۔

حکم

اس معاملہ میں ہیلتہ افیسر کی سخت فروگذاشت ہے۔ پانچ روپیہ جرمانہ کیا جائے برائے آیندہ ہیلتہ افیسر کو ہدایت کردیجائے۔ کہ احتیاط سے کام کیا جائے سررشتہ صدر سے احکام جاری ہوں۔ بعد اجراء احکام اصل کاغذات واپس اجلاس ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

رخصت

۱۶ جون سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ تحریر صاحب مہتمم بندوبست دربارہ منظوری رخصت مدعیہ سید علی حسین گرداور تحصیل ملک وجہ بقائے علالت چشم۔ از یکم جون سنہ ۱۹۲۶ء

حکم

وجہ بیماری گرداور حسب رپورٹ ڈاکٹر صاحب مہتمم بندوبست رخصت مدت ... ختم ہوگی ... اور رخصت مزید لغایتہ ۱۵ جون سنہ ۱۹۲۶ء منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

نقشہ بارش ریاست رامپور ہفتہ وار من ابتدا ۲۲ جون لغایت ۲۸ جون ۱۹۲۷ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون
۲۲ جون ۱۹۲۷ء یوم چہارشنبہ	۰	۹۳	۰	۹۱	۰	۹۴	۰	۸۴	۰	۱۰۷	۰	[illegible]
۲۳ 〃 〃 〃 پنجشنبہ	۰	۹۳	۰	۹۱	۰	۹۴	۰	۸۴	۰	۱۰۷	۰	۸۰
۲۴ 〃 〃 〃 جمعہ	۰	۹۳	۰	۹۱	۰	۹۴	۰	۸۴	۰	۱۰۷	۰	۸۰
۲۵ 〃 〃 〃 شنبہ	۰	۹۳	۰	۹۱	۰	۹۴	۰	۸۴	۰	۱۰۷	۰	۸۰
۲۶ 〃 〃 〃 یکشنبہ	۰	۹۳	۰	۹۱	۰	۹۴	نقشہ نہیں آیا	-	۰	۱۰۷	۰	۸۰
۲۷ 〃 〃 〃 دوشنبہ	۰	۹۳	۰	۹۱	۰	۹۴	〃		۰	۱۰۷	۰	۸۰
۲۸ 〃 〃 〃 سہ شنبہ	؛	۹۳	نقشہ نہیں آیا		نقشہ نہیں آیا		〃		۰	۱۰۷	۰	۸۰

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور واقع ۳۰ جون ۱۹۲۷ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	[illegible]						
نخود خالص	۱۰۷ ار [illegible]						
نخود گیہوں آمیز	۸ ار [illegible]						
[illegible]	۱۰۸ ار [illegible]						
ماش	۱۰۵ ار						
مونگ	۴ ار ۹ ار						
مسور	[illegible]						
ارہر	۱۰۵ ار ۶ ار						
برنج انجنہ	[illegible]						
قند سیاہ	۱۰۶ ار [illegible]						
روغن زرد	۷ چھٹانک						
چینی	۱۰۱۱ ار [illegible]						
کھوڑ چینی	۱۰ ار ۱۱ ار						
نمک	[illegible]						
باجرہ	۶ ار						
[illegible]	۸ ار						
روغن سیاہ	[illegible]						
[illegible]	[illegible]						
[illegible]	[illegible]						
[illegible]	۶ ار						